# بینک کے ملازمین کے لیے صارف کی طرف سے ہدیہ

**7 /Nov/ 2016**

س: بینک سے سروکار رکھنے والے لوگ بینک کے عملے کو رواج کے مطابق عید کے تحفہ کے عنوان سے مال دیتے ہیں۔ اور انہیں یہ بھی معلوم ہے کہ اگر مذکورہ تحفہ نہ دیا جائے تو عملہ اسکے کام کو مطلوبہ طریقے سے انجام نہیں دے گا، ایسی صورت میں کیا حکم ہے؟

ج: اگر مذکورہ تحفہ بینک کی خدمات حاصل کرنے والے افراد کے درمیان عملے کی جانب سے تفریق کا سبب بنتا ہے اوراس کا نتیجہ فساد اور دوسروںکے حقوق کے ضایع ہونے کا سبب ہے تو عملہ کو ہدیہ دینا جائز نہیں ہے اور عملہ کے لئے بھی ہدیہ لینا جائز نہیں ہے۔